Literacy and Numeracy Drive

## لٹریسی اور نیومیریسی ڈرائیو

## اسیسمنٹ کا طریقہ کار برائے ماہانہ MEA's

آپ جانتے ہیں کہ لٹریسی اور نیومیریسی ڈرائیو کی مدد سے طلبہ کے حاصلاتِ تعلّم (لرننگ آؤٹ کمز) میں مسلسل بہتری آرہی ہے لہٰذا اب اس ڈرائیو میں مزید وسعت لا کر اسے اور بھی بہتر بنا دیا گیا ہے۔ اس میں ماہانہ اسیسمنٹ کی ذمہ داری آپ کو دی گئی ہے۔ جس کے لیے آپ کے ٹیبلٹ پر ایک اسیسمنٹ application تنصیب کی گئی ہے۔

یہ بات یاد رکھیں کہ یہ اسیسمنٹ حسّاس نوعیت کی ہے جس میں تیسری کلاس کے طلبہ حصہ لیں گے۔ ہمارا مقصد ان کے لرننگ آؤٹ کمز میں بہتری لانا ہے۔ اس لیے ٹیسٹ لیتے ہوئے اس بات کا خیال رہے کہ ہمارا رویہ طلبہ کے جوابات پر اثر انداز نہ ہو۔ اس لیے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اسیسمنٹ کے طریقہ کار سے اچھی طرح واقف ہو جائیں۔ اسیسمنٹ پروٹوکول درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| **جماعت** | 3/ سوم |
| **طلبہ کی تعداد** | 7 طلبہ: اگر کلاس میں 7 یا اس سے کم طلبہ ہوں تو سارے طلبہ کا ٹیسٹ ہو گا۔ |
| **مضامین** | انگریزی، اردو، ریاضی |
| **ہیڈ ٹیچر اور ٹیچر سے تعارف** | 1۔ سکول میں داخل ہو کر ہیڈ ٹیچر اور تیسری جماعت کے ٹیچر سے اپنا تعارف کرائیں اور انھیں ایل-این-ڈی کے مقاصد سے یوں آگاہ کریں:<br>جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ میں پی-ایم-آئی-یو کی طرف سے آیا ہوں محکمہ تعلیم یہ جاننا چاہتا ہے کہ طلبہ نے کیا سیکھا ہے۔ اس سلسلے میں آپ کے چند منتخب طلبہ سے سوال پوچھوں گا۔ اس دوران میں چاہوں گا کہ آپ (کلاس ٹیچر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) کلاس میں طلبہ کے ساتھ موجود ہوں لیکن اسیسمنٹ کے دوران انھیں خود سے کرنے کا موقع دیں جب کہ باقی طلبہ کو آپ پڑھاتے رہیں۔ آپ بالکل فکر نہ کریں! آپ کے طلبہ اور سکول کے نام سامنے نہیں آئیں گے۔ اس سلسلے میں مجھے آپ کا تعاون درکار ہے۔"<br>2۔ ہیڈ ٹیچر اور ٹیچر سے باقاعدہ اجازت لیں اور پھر کلاس کی طرف بڑھیں۔<br>اگر ٹیچر بتائے کہ طلبہ کسی اور سرگرمی میں مصروف ہیں تو ان کے فارغ ہونے کا انتظار کریں اور اس بات کا برا نہ مانیں۔ |
| **طلبہ سے تعارف** | 1۔ تیسری کلاس کے ٹیچر کے ساتھ کلاس میں داخل ہوں اور ٹیچر سے کہیں کہ وہ آپ کا تعارف کرائیں:<br>" بچوں! یہ ہمارے محکمہ تعلیم کے افسر ہیں اور آپ سے کچھ بات کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے ان کی باتوں کو دھیان سے سننا ہے اور ان کا جواب بلا کسی خوف کے دینا ہے۔ میں آپ کے پاس ہی ہوں۔"<br>2۔ ٹیچر کی ہدایت کے بعد طلبہ سے اپنا تعارف کرائیں:<br>اسلام وعلیکم! جیسا کہ آپ کے/کی ٹیچر نے بتایا ہے کہ میں محکمہ تعلیم سے آیا ہوں اور ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کیا سیکھ رہے ہیں اور ہم اس میں آپ کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے میں چند طالب علموں کو منتخب کر کے ان سے کچھ سوالات پوچھوں گا۔ یہ سوالات ٹیبلٹ پر پوچھے جائیں گے۔ آپ بالکل پریشان نہ ہوں! آپ کو اس پر اپنا نام لکھنے کی بھی ضرورت نہیں ہے. بس پوری توجہ سے پوچھے گئے سوالات کے جواب دینے ہیں۔" |
| **ٹیسٹ کا تعارف** | دی گئی تصویر کے مطابق طلبہ کو اسیسمنٹ کا طریقہ کار سمجھائیں:<br>"اب میں آپ کو بتاؤں گا کہ ہم ٹیسٹ کیسے لیں گے۔ ٹیسٹ اِس ٹیبلٹ پر لیا جائے گا (ٹیبلٹ دکھاتے ہوئے)۔ پہلے میں آپ کی تصویر لوں گا اور پھر آپ اسی ٹیبلٹ پر ٹیسٹ حل کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ آپ کے سامنے سوال آجائے گا جس کے تین ممکنہ جوابات (آپشنز) دیے گئے ہوں گے۔ آپ درست جواب کا انتخاب کر کے اس پر کلک کریں گے۔ جب آپ کا کام مکمل ہو جائے گا تو ٹیسٹ خود کار طریقے سے بند ہو جائے گا۔ اور ہاں اگر آپ کو میتھ کا سوال حل کرنے کی ضرورت ہو تو آپ اپنی کاپی یا نوٹ بک پر اسے حل کر سکتے ہیں۔ ٹھیک ہے بچو کوئی سوال؟"<br>اگر کوئی طالب علم سوال کرے تو اس کا جواب دیجیے اور اس کے بعد اسیسمنٹ شروع کریں۔ |

| | |
|---|---|
| بچوں کا انتخاب | 1۔ کلاس 3 میں ایک کرسی رکھ کر بیٹھ جائیں اور استاد کو آگاہ کریں کہ آپ بچوں کا ٹیسٹ لینے لگے ہیں استاد کلاس کو پڑھانا جاری رکھ سکتا ہے۔<br>2۔ حاضری رجسٹر میں لکھے ہوئے ناموں میں سے طلبہ کی تعداد کے مطابق ہر تیسرا، چوتھا یا چھٹا نام منتخب کریں۔<br>3۔ سب سے پہلے طالب علم کو بلائیں اور اس سے پوچھیں کہ کیا وہ اسیسمنٹ کے لیے تیار ہے۔<br>4۔ اگر کوئی طالب علم انکار کر دے تو اس کی جگہ دوسرے طالب علم کو بلائیں اور اس بات کو اپنی رپورٹ میں تحریر کریں۔<br>5۔ کسی بھی طالب علم کی جگہ کسی دوسرے طالب علم کو بلانے کے لیے یا تو اس کے نام سے پہلے لکھے ہوئے نام کے طالب علم کو بلائیں یا پھر اس کے نام کے بعد جس کا نام لکھا ہوا سے بلائیں۔<br>6۔ یاد رہے آپ نے بچے حاضری رجسٹر سے منتخب کرنے ہیں، ٹیچر کے منتخب کردہ طلبہ کا ٹیسٹ نہیں لینا ہے۔ |
| ہدایات برائے ٹیسٹ | 1۔ طلبہ کو بلاتے وقت ان کو کاغذ پنسل ساتھ لانے کو کہیں۔ یاد رہے کہ صرف ریاضی کے سوال حل کرنے کے لیے طلبہ کو کاغذ پنسل استعمال کرنے کی اجازت ہے۔<br>2۔ طلبہ سے مسکراتے ہوئے نرمی کے ساتھ گفتگو کریں۔<br>3۔ کسی بھی استاد یا کسی دوسرے طالب علم کو اجازت نہیں کہ وہ ٹیسٹ کے دوران اسیسمنٹ دینے والے طالب علم کے ساتھ کھڑے ہوں۔<br>4۔ سوال دکھاتے ہوئے طلبہ کو مختصر ترغیب دیں تاکہ وہ سوال حل کرنے کی کوشش کریں:<br>مثال: جملہ مکمل کرنے والے سوالات میں اس طرح ہدایت دینی ہے کہ " یہ جملہ پڑھیں اور دیکھیں کہ اس خالی جگہ میں کون سا لفظ آئے گا"<br>5۔ ہر طالب علم اپنا ٹیسٹ خود کرے گا۔ کسی استاد یا دوسرے طالب علم سے مدد نہیں لے گا۔<br>6۔ اگر طالب علم کو دیکھنے میں دشواری ہو رہی ہو تو اسے ٹیبلٹ قریب کر کے پڑھنے میں مدد دیں۔<br>7۔ اگر application آہستہ چلے یا رک جائے تو انٹرنیٹ بند کر کے دوبارہ چلائیں۔ اگر پھر بھی نہ چلے تو ٹیبلٹ کو ری سٹارٹ کر لیں۔<br>8۔ ہر مہینے کے آخر میں ڈیٹا sync کریں۔<br>9 ۔ مسائل کی صورت میں PITB, DFC یا PMIU سے رابطہ کریں۔<br>10۔ طلبہ کو ٹیسٹ اطمینان سے کرنے دیں۔<br>11۔ ٹیسٹ کرنے کے بعد "فنش بٹن" دبانا نہ بھولیں۔ اگر نہیں دبایا تو دوبارہ ٹیسٹ کرنا پڑے گا۔ |
| یاد رکھیں | 1۔ یہ اسیسمنٹ ایک حسّاس نوعیت کی ہے۔ اس سے حاصل ہونے والی معلومات سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ آپ کو بحیثیت ریسرچر اس اسیسمنٹ کی ذمہ داری دی گئی ہے۔<br>2۔ غیر جانبدارانہ رویہ طلبہ کے لرننگ آؤٹ کمز / حاصلاتِ تعلّم کی درست اسیسمنٹ کے لیے بہت ضروری ہے۔ اسی لیے ٹیسٹ کے بارے میں کسی قسم کا فیڈ بیک نہ دیں اور نہ ہی طلبہ کی کارکردگی پر کوئی تبصرہ کریں۔<br>3۔ اسی طرح کسی بھی قسم کی labelling سے گریز کریں جس سے سکول پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔<br>مثال: " ذہین بچے" " ہشیار بچے" " نالائق بچے" " کمزور بچے" " ٹیچر نے اچھا نہیں پڑھایا" یا "ٹیچر نے غلط کرایا ہو گا"۔<br>4۔ **ٹیسٹ مکمل کرنے کے بعد طلبہ اور ٹیچر کا باقاعدہ شکریہ ادا کریں۔** |

مثال :

